دار الافتاء والقضاء — الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586

Name : **dureshehwar**	Serial No : **23794**	MODE: **Regular**
Address : **karachi pakistan**	Date : **11/5/2014**	
Subject : **Talaq in pregnancy**	Contact No:	
Writer : احمد معاذ	Email :	

mere 2 maheenay k pregnancy ma meray sohar na mujhay talaq day di thy mgr is halat ma talaq hoty hay ya nahi yehe confusion ma talaq k bawajood ma 2 maheena mazeed un k sath rahe phir unho na mar kar mujhay apnay ghar say nikaal diya ab mera aik beta hua hay to mujhay ye pata karna tha k talaq waqay ho gaye

مجھے دو (۲) مہینے کا حمل تھا اس حالت میں میرے شوہر نے طلاق دے دی تھی مگر اس حالت میں طلاق ہوتی ہے یا نہیں؟ اسی اُلجھن میں طلاق کے باوجود میں دو (۲) مہینہ مزید ان کے ساتھ رہی پھر انہوں نے مار کر مجھے اپنے گھر سے نکل دیا اب میرا ایک بیٹا ہوا ہے۔ مجھے یہ پتہ کرنا تھا کہ طلاق واقع ہو گئی؟

الجواب حامدًا ومصلیًا۔

حالت حمل میں طلاق دینے سے بھی شرعًا طلاق واقع ہو جاتی ہے، البتہ اسکی عدت بچے کی پیدائش تک کا زمانہ تھا جو پورا ہو چکا ہے۔ مگر سائلہ نے یہ نہیں لکھا کہ اس کے شوہر نے کتنی طلاقیں دیدی تھی اگر اسکی صراحتًا کردے تو اس کے حکم شرعی سے بھی آگاہ کیا جاسکتا ہے۔

فی الدر المختار: (وحل طلاقهن) أي الآيسة والصغيرة والحامل (عقب وطء) الخ.. (ج ۳، ص ۲۳۲)-

وفی الهندية: الرجعي إبقاء النكاح على ما كان مادامت في العدة كذا في التبيين اهـ (ج ۱، ص ۴۶۸)-

وفی رد المحتار: (قوله ما لم تكن حاملاً) فإن كانت فعدتها الوضع، (ج ۳، ص ۵۰۶) —

واللّٰہ تعالٰی أعلم

احمد معاذ عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی ۱۶
۹/ رجب / ۱۴۳۶ ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان غفر اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۰ / ۷ / ۱۴۳۶ ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی ۱۶
۱۰ رجب ۱۴۳۶ھ

دار الافتاء ۲۳۷۹۴ ۱۴۳۶/۸/۱۲ھ

نائب رئیس

رئیس

3-5-2015